بعدالت جناب چیر مین سروس ٹریبیونل خیبر پختونخواہ پشاور اپیل 67/22

کیمپ کورٹ ایبٹ آباد

Khyber Pakhtukhwa
Service Tribunal

Diary No. 11094

Dated 12-02-2024

زیر اپیل نمبر 67/22

باعنوان اپیل محمد سجاد بنام حکومت

عنوان درخواست

Mics

درخواست برائے کاروائی کیے جانے بسلسلہ تہین عدالت وغیرہ۔

برخلاف مدہ علیہان

جناب عالیٰ

انتہائی مودبانہ گزارش ہے کہ اپیلانٹ ہمیشہ نالاں رہا ہے کے اپیلانٹ جو کے نابینہ ہے اور محکمہ سمیت دیگر سرکاری اداروں کی طرف سے ظلم وزیادتیوں کا شکار رہا ہے مگر اس ملک میں کمزور کو انصاف نہی ملتہ محکمہ مذکورہ کہ زمہ داران جو نہ صرف اپیلانٹ کہ خلاف جملہ ظلم وزیادتیوں کے متکب رہے ہے بلکہ سنگین بدعنوانیوں اور محکمانہ اور حکومتی وریاستی پالیسیوں کی بھی شدید خلاف ورزیاں کرتے آئے ہے جن کے خلاف بھی کاروائی کرنا ٹریبیونل کا فرض ہے اور مذکوران کا باعزت رٹائیرڈ ہوجانہ اور انہے باعزت مرنے کا موقہ دینہ ایک المیہ ہے لیکن اپیلانٹ نے اپنی سابقہ اپیل 219/2017 میں بھی جملہ بدعنوانیان وغیرہ کو نمایاں کیا تھی جسکی جملہ آرڈر شیٹس وغیرہ قابلہ ملاحظہ ہے خصوصاً وہ آرڈر شیٹ جس مین اپیلانٹ نے ان D V Ds کو ریکارڈ کا حصہ بنوایہ تھا جو اپیلانٹ کی طرف سے مدہ اعہلیان کے حلاف مختلف فورمز پر دی گئی جملہ درخواستوں بمعہ آڈیوں اور ویڈیوں ثبوتوں پر مشتمل تھی آڈیوں اور ویڈیوں ثبوتوں بلخصوص فون کالز ریکارڈنگز کو بھی سیشنز کورٹ ایبٹ آباد اور اپیل مذکورہ

Next date 27-03-2024
A-Abad

بالہٰ 219/2017 میں عدالت ہٰذہ کے ریکارڈ کا حصہ بانایا تھا جسے نزانداز کرتے ہوئے قرار دیا جار ہا ہے کے معزز ٹریبیونل سلیش عدالت ہٰذہ نے صرف اپیلانٹ کے خلاف ہی de novo انکوائیری کا حکم دیا تھا اور اپیلانٹ کے سیشنز عدالت ایبٹ آباد کے بریئت کے فیصلے کے باوا جود محکمہ مذکورہ تشریح کے پیچے چھپر رہا ہے جوکہ دستور پاکستان کے Artical 13 اور ظابطہ فوج داری کے دفع 403 کی بھی خلاف ورزی ہے نیز اپیل مذکورہ بالہ میں اپنے 2020 کے فیصلہ میں عدالت حضور نے سابقہ محکمہ انکوائیری کو خلاف ظابطہ پاتے ہوے دوبارہ حسبہ ظابطہ انکوائیری کا حکم دیا تھا جسکی خلاف ورزی کرتے ہوے اصرار کے باواجود محکمہ کی جانب سے اپیلانٹ کے خلاف دوران انکوائیری پیش ہونے والے گواہان کے بیانات کی نقول پیش نہی کی جارہی اور نہ ہی اپنے جاواب کے ساتھ محکمہ نے مذکورہ نقول لف کیں جس کے باعث اپیلانٹ اپنہ جواب الجواب اور اپنے حتمی دلائیل دینے سے قاصر ہے نیز کچھ اور ریکارڈ بھی درکار تھا جس میں ادارہ گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ فار دی بلائینڈ ایبٹ آباد کی جملہ پوسٹوں اور ملازمین کی تنخواہوں وغیرہ کا ریکارڈ بھی شامل ہے جس میں تاخیر کی گی چنانچہ عدالت حضور نے گزشتہ تین سماعتیں قبل محکمہ کو آخری موقعہ دیا تھا بصورت دیگر اس کے خلاف کاروای ہونا تھی مگر پر بینچ ٹوٹ گیا جسکی وجوہات اپیلانٹ کو نہی بتائی جارہی شائید سابقہ بینچ پر محکمہ والو کو سزاہ نہ دینے کا داباؤ تھا اور تاریخ گزشتہ پر اپیلانٹ نے جوکہ بسلسلہ نجی ملازمت بیرون شہر تھا چنانچہ مورخہ 25/01/2024 کو اپنے چوتھے بھائی کو حاضری اور مذکورہ کاروای کو آگھے بڑھانے کے لے بہیجا تھا مگر پر حسب معمول تاریخ برائے تاریخ اگلی تاریخ پیشی حتمی دلائیل کے لئے 27/03/2024 مقرر کردی گی مگر حتمی دلائیل کے بعد فیصلہ میں بھی مذکوران کو کوئی سزاہ نہ دے کر باعزت رٹائیرڈ ہونے اور باعزت مرنے کا موقع دیا جاتا ہے چنانچہ اپیلانٹ حتمی دلائیل سے قبل اپنی درخواست ہٰذا و سابقہ درخواستوں پر کاروائی چاہتہ ہے جیسا

کہ مقدمہ کوغیر ضروری طوالت سے بچانے کے لئے اپیلانٹ نے محکمہ کے اس جھوٹ کوفاش کرنے کے لئے کہ انہوں نے اپیلانٹ کی جانب سے کوئی بھی محکمانہ اپیل وصول نہی کی آپسے درخواست کی تھی کہ محکمہ ڈاک سے بھی اس بابت انکوائیری کی جاے اور رجسٹری ڈاک کی رسید کو بھی ریکارڈ کا حصہ بنا کر محکمانہ جھوٹ کہ خلاف عدالتی کاروای کی بھی حتمی دلائیل سے قبل استدعا کی تھی۔

اگر محکمہ کی جانب سے کوئی بھی پیش نہی ہوتہ باواجودے کہ محکمہ نے سوشل ولفئیر آفیسر اور انچارج ولفئیر ہوم جناب فاروق صاحب کو اپنہ نمائیندہ مقرر کیا تھا تو صاف ظاہر ہے کہ انکے پاس کوئی دفاع نہی لہذا ان پر بتدریج جرمانہ عائید کیا جاے، انکی گرفتاری کا حکم دیا جاے، انکا دفاع ختم کیا جاے اور عدم پیشی کی صورت میں انکے خلاف یکطرفہ کاروائی کی جاے۔

جناب عالی انکوائیری تو اس بات کی بھی ہونی چاہیئے کے اپیلانٹ نے مذکورہ بالہ جملہ درخواستیں درست دی تھی یا غلط؟ جیسا کہ محکمہ اپیلانٹ کو بیجا درخواست بازی کے حوالے سے بھی الزام دیتا ہے۔

نوٹ اپیلانٹ کی اس تحریری اوضاحتی درخواست جو کہ آپکو بذریعہ رجسٹری ڈاک ارسال کی جاتی ہے کہ بعد اس حوالہ سے مزید پیش ہوکر زبانی دلائیل کی ضرورت نہی جن زبانی دلائیل کو آپ ویسے بھی اکسر نظر انداز فرمادیتے ہے نیز اپیلانٹ نے اپنی اپیل کی استدعا میں بھی یہ درخواست کی تھی کہ کوئی اور ریلیف بھی جو یہ معزز عدالت ان حالات میں مناسب سمجھے عطا فرمایا جاے۔

لہذا استدعا ہے کہ اپیلانٹ کی درخواست کو منظور و مقبول فرمایا جا کر شاکر وممنون اور دعا گو ہونے کا موقع عنایت فرمایا جاوے

جناب کی عین نوازش ہوگی

العارض (اپیلانٹ)

(4)

نام محمد سجاد قوم اعوان

شناختی کارڈ 13010-2598133-9

سکنہ محلّہ اعوان آباد جھنگی سیدہ تحصیل وضلع ایبٹ آباد

موبائیل نمبر 03135925351

تاریخ 09/02/24

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ III ایبٹ آباد

عنوان درخواست: درخواست برائے حصول رکاڈ

جناب عالیٰ

سایل نے آپ کوایک استغاثہ مورخہ 3/1/24 کو بزریعہ رجسٹری ڈاک زیر رجسٹری نمبر rglno 1117037287 ارسال کیا تھا۔

جوکہ استغاثہ مزکورہ اوراس کے متعلقہ کاغزات لف درخواست اعذا ہے

لہذا استدعا ہے کے اس بابت ہونے والی جملہ کاروئی سے متعلق سائل کومکمل طور پرا گاہ فرمایا جاے اور اس کامکمل وشفاف رکاڈ سائل کوفراہم کیا جاے

جناب کی عین نوازش ہو گی

العارض

نام محمد سجاد قوم اعوان

والد محمد ریاض

سکنہ محلّہ اعوان آباد جھنگی سیدہ تحصیل وضلع ایبٹ آباد

شناختی کارڈنمبر 13101-2598133-9

موبایل نمبر 03135925351

مورخہ 09/02/24

حکومت پاکستان

قومی شناختی کارڈ

13101-2598133-9

نام : محمد سجاد

جنس : مرد

والد کا نام : محمد ریاض

شناختی علامت : نابینا

SPECIAL PERSON

امتیاز تا حور

شناختی نمبر: 13101-2598133-9 خاندان نمبر: V00140

موجودہ پتہ: مجگی سیداں، مجگی ڈاکخانہ مجگی سیداں، تحصیل و ضلع ایبٹ آباد

مستقل پتہ: ڈکی کلاں، ڈکی کلاں، تحصیل و ضلع ایبٹ آباد

تاریخ اجراء: 13/01/2015 تاریخ تنسیخ: 13/01/2025

131840004815

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
INFORMATION COMMISSION
Near BRT Abdara Station, Behind Jabar Flats,
Arbab Colony, University Road, Peshawar
Email: complaints.kprti@kp.gov.pk
Ph: +92-91-9216557
Fax: +92-91-9216561

No. RTIC/AR/1-10023/2023/ 20448
Dated: 21 SEP 2023 /50

To

The AIG (Legal)/PIO,
Central Police Office,
Peshawar.

Sub: **COMPLAINT AGAINST NON-SUPPLY OF INFORMATION UNDER KP RTI ACT, 2013 (COMPLAINT NO. 10023)**

I am directed to refer to an e-mail received from the complainant vide dairy No. **9232** dated: **27-06-2023**, wherein it is stated that the information provided by you is incomplete. (Copy attached).

It is therefore, to direct to provide the fair copy of the FIR concerned to the complainant within **five** working days positively under intimation to the Commission.

Deputy Registrar
KP. Information Commission,
Peshawar.

Copy to:-

1. PS to Chief Information Commissioner, Khyber Pakhtunkhwa Information Commission, Peshawar.
2. Mr. Mohammad Sajjad (Complainant).

Deputy Registrar
KP. Information Commission,
Peshawar.

No.453

RGL116789289

For Insurance Notices see ...

Stamps affixed except in case of uninsured letters of not more than the initial weight prescribed in the Post Office Guide or on which no acknowledgement is due.

Rs. 40-

Received a registered* ______
addressed to ______

Date-Stamp

Initials of Receiving Officer

*Write here "letter", "postcard", "packet" or "p... with the word "insured" before it when nec...

Insured for Rs. (in figures) ______ (in words) ______

Insurance fee Rs. ______ Ps. ______ (in words) ______ Weight { Kilo / Grams

Name and address of sender ______

NOTICE (1) — The Post Office is not responsible for loss or damage in the case of Inland registered articles, unless they are also insured.

(2) — The special conditions and restrictions as to insurance which will be found in the current edition of the Post Office Guide are binding upon every sender of an insured postal article by virtue of rules prescribed under the Pakistan Post Office Act, 1898.

بخدمت جناب SP صاحب انوسٹی گیشن ایبٹ آباد

عنوان: درخواست بمراد ازالہ شکایات فرمائے جانے منجانب شعبہ تفتیش

جناب عالی!

گزارش ہے کہ سائل نہ صرف خود بلکہ علاوہ ازیں اس کے تین اور بہن بھائی بھی نابینہ ہیں جن میں سے ایک ہمشیرہ ام نابینہ ہونے کے علاوہ ذہنی معذوری کا بھی شکار ہے۔

یہ کہ ہمارا واسطہ شادیوں کے نام پر فراڈ کرنے والے ایک گروہ سے پڑھ گیا جس کے خلاف سائل کم از کم 2021 سے درخواست دہی کرتا آ رہا ہے اور بل آخر مورخہ 15-04-2023 کو برخلاف ملزمان نمبر 1 شکیل احمد ولد محمد نزیر نمبر ساکنہ مری روڈ ایبٹ آباد 2 شاہین بی بی عرف گڈو زوجہ محمد افضل نمبر ساکنہ غازی ہری پور 3 یاسر ولد محمد داد ساکنہ بجیدہ ہری پور اور نمبر 4 فرزانہ بی بی دختر منیر خان ساکنہ ٹوپی صوابی شامل ہیں جن کے خلاف زیر FIR علت نمبر 369 زیر دفعات 419/420/468/471/170/34 ت پ درج ہوگئی مگر ناقص تفتیش و دیگر معملات کی بنا پر ملزمان کو فائدہ پہنچایا جا رہا ہے اور آج مورخہ 27-09-2023 کو ملزم شکیل بھی ضمانت کی بنا پر رہا ہو گیا ہےجس کا مطلب یہ ہے کہ ملزمان کی سزا کا کوئی امکان نہیں ہے جس کی بنیادی وجہ صفحہ مثل پر ناقص ریکارڈ کا ہونا ہے جس بابت سائل نے پہلے بھی متعدد مرتبہ درخواستیں گزاریں اور اب درخواست ہذا بمع ایک عدد HP- USB سائل لف درخواست ہذا کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف آڈیو ویڈیو ثبوت جن میں ملزمان نے خصوصاً بذریعہ ٹیلیفون کالز اپنے جرائم کا اعتراف کیا ہے پیش کرتا ہے۔ نیز درخواستوں کا مکمل ریکارڈ بھی جن کے باعث سائل کی FIR میں تاخیر برتی گئی۔

یہ کہ کچھ اور بھی شکایات سائل آپ کے حضور پیش ہو کر عرض گزار کرنا چاہتا ہے۔

لہذا مہربانی فرما کر سائل کی درخواست منظور فرمائی جا کر شاکر و ممنون اور دعا گو ہونے کا موقع عنایت فرمایا جاوے۔

جناب کی عین نوازش ہوگی

مورخہ 27-09-2023

العــــــــــــــــــــارض

محمد سجاد ولد محمد ریاض

ساکنہ محلہ اعوان آباد جھنگی سیداں ایبٹ آباد

13101-2598133-9

03135925351

بخدمت جناب چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان اسلام آباد

عنوان: درخواست برائے حصول انصاف

جناب عالی!

انتہائی مودبانہ گزارش ہے کہ سائل مسمی محمد سجاد ولد محمد ریاض نہ صرف خود نابینا بلکہ اس کے تین بہن بھائی اور بھی نابینا ہیں۔ جن میں ایک ہمشیرہ ام نابینا ہونے کے علاوہ ذہنی معذوری کا بھی شکار ہے۔

2۔ یہ کہ سائل محلّہ اعوان آباد جھنگ سیداں ایبٹ آباد کا رہائشی اور گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فار دی بلائنڈ ایبٹ آباد محکمہ زکوۃ، عشر، ترقی خواتین، خصوصی تعلیم و سماجی بہبود خیبر پختونخوا کا سابق طالب علم اور ملازم رہا ہے۔

3۔ یہ کہ سائل کو محکمہ ہذا کے استحصال کے خلاف آواز اٹھانے کی پاداش میں عرصہ تیرہ سال کی ملازمت کرنے کے بعد قانونی جواز کے مستقل ملازمت سے فارغ کر دیا گیا جو کہ سروس ٹربیونل خیبر پختونخوا کیمپ کورٹ ایبٹ آباد میں پہلے زیر اپیل نمبر 219/17 بعد ازاں 106/20 زیر سماعت رہا اور اب زیر اپیل نمبر 6/22 زیر سماعت ہے لیکن اعلیٰ عدالتی فیصلوں کے باوجود پہلے تو سائل جو کہ ایک معذور شخص کا مقدمہ ترجیحی بنیادوں پر نہیں سنا جاتا حالانکہ یہ کیس سائل کا صرف ذاتی نہیں بلکہ مفاد عامہ سے بھی تعلق رکھتا ہے مگر کروڑوں نہیں بلکہ اربوں کی کرپشن کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف سائل کے خلاف ہی کاروائی کا حکم دیا جاتا ہے مگر سائل کی طرف سے نامزد ملزمان اور الزام علیہان کو یکسر نظر انداز کیا جاتا ہے جن کے خلاف سنگین الزامات اور ثبوت موجود ہیں جبکہ سائل کے خلاف اس مقدمہ میں بھی الزامات باز پرس ہوئی ہے جن میں وہ بری ہو چکا ہے اور جو کرپٹ مافیا کی طرف سے بدنیتی کی بناء پر قائم کیا گیا تھا اور جس میں نہ سیشن عدالت ایبٹ آباد نے انصاف کیا اور نہ ہی ٹربیونل ہذا انصاف کر رہا ہے جو کسی بھی شک و شبہ سے بالاتر حقائق کے باوجود سائل کو محض شک کی بناء پر بری کیا جاتا ہے اور بغیر کسی اپیل کے ٹربیونل مذکورہ از خود ہی سائل کے خلاف مقدمہ مذکورہ سے بریت کے باوجود اس کے خلاف اس متعصب محکمہ کو دوبارہ انکوائری کا حکم دیتا ہے جو کہ پھر غلط انکوائری کر کے سائل کو ملازمت سے Dismiss کر دیتا ہے لیکن تمام شک و شبہات سے بالاتر حقائق جو کہ مذکوران کے خلاف ہیں کے باوجود بھی انہیں مقدس گائے کا درجہ دیکر کچھ نہیں کہا جاتا۔ مذکورہ بالا ریکارڈ ٹربیونل اور سیشن کورٹ ایبٹ آباد سے طلب کر کے ملاحظہ کیا جائے۔

4۔ یہ کہ آئین پاکستان تمام شہریوں کی آزادی اور مساوات کی ضمانت دیتا ہے جبکہ سائل کو مذکورہ تمام

بنیادی حقوقوں سے محروم کرتے ہوئے اس بات پر مجبور کیا جاتا ہے کہ سائل دوسروں کی مرضی کے مطابق غلامانہ زندگی بسر کرے۔ خصوصاً گورنمنٹ ادارہ برائے نابینا ایبٹ آباد کی سربراہ شمشاد بیگم اوران کے حمی کرپٹ ٹولہ قرار دیتا ہے کہ موصوفہ نے چونکہ سائل کو نااہل ہونے کے باوجود سائل کو ملازمت دلوائی۔لہٰذا سائل کو عمر بھر جبانہ کی غلامہ کرنی اور ان کی طرف سے سائل کے نجی معاملات میں مداخلت اور Dictation وجملہ ظلم وزیادتیوں اور بدعنوانیوں وغیرہ پرکوئی اعتراض نہ کرنا چاہیے۔محترمہ اوران کے حامی گروہ کا یہ بھی کہنا ہے کہ نابینا شخص کوآزاد زندگی گزارنے کا کوئی حق حاصل نہیں اور ہر محسن کا اسے غلام رہنا چاہیے،خصوصاً والدین اوراسکی بینا بیوی کا جو بینا ہونے کے باوجود اس نابینا پراحسان کر کے اس سے شادی کرتی ہے۔خواہ وہ معاشرہ کے لیے کتنی ہی ناقابل قبول بدکار ہی کیوں نہ ہو نابینا کواس پراعتراض کا کوئی حق حاصل نہیں جو کہ یہ نظریات سراسر اسلامی تعلیمات کے منافی اورانہیں کھلم کھلا چیلنج کرنے کے مترادف ہیں جو کہ بطور ثبوت سائل نے مذکوران کی ریکارڈنگس بالخصوص فون کال ریکارڈنگس،مختلف فورم مثلاً پولیس اور عدالت مجسٹریٹ مذکورہ کو بھی دیں۔

جناب والا! بصد شکریہ سائل نے ARY News پر یہ خبر سنی کہ آپ نے فرمایا تھا کہ آپ خواتین کو کوئی خصوصی رعایت نہیں فرماتے بلکہ آپ کے پاس ہمیشہ ہی ایسے مقدمات آتے ہیں جن میں ہمیشہ مرد عورتوں کا حق کھاتے ہیں لیکن جناب والا سائل کے اس مقدمہ میں قابل ملاحظہ ہے کہ کن کن عورتوں نے سائل کا حق کھایا؟ مگر سائل کو مذکوران کی جانب سے یہ کہہ کر بھی ریاست سے بدظن کیا جارہا اور بغاوت پر اکسایا جارہا ہے کہ ہماری ریاست اور ہمارا قانون ہمیشہ عورت کی ناجائز حمایت کرتے ہیں حالانکہ معزز لاہور ہائیکورٹ نے اپنے ایک فیصلہ میں یہ بھی قرار دیا تھا کہ اگرایک کمانے والی بیوہ کو بھی اس کے مرحوم شوہر کی پنشن مل سکتی ہے تو ایک کمانے والے رنڈوے کو اسکی مرحومہ بیوی کی پنشن کیوں نہیں مل سکتی؟

5۔ یہ کہ سائل نے جو کہ پڑھا لکھا اور سمجھدار شخص ہے اور یہ بخوبی جانتا ہے کہ مذہب اور قانون ایک فرد کو اس کی مرضی اور پسند کے مطابق شادی کرنے کی آزادی اوراس کا حق دیتے ہیں اور والدین سمیت کوئی بھی اسے اس کی مرضی کے خلاف شادی پر مجبور نہیں کرسکتا مگر مذکورہ دباؤ میں آکر سائل نے ایک ایسی جگہ شادی کرلی کہ کہیں اس سے بھی بری جگہ پر سائل کوشادی کرنے پر مجبور نہ کردیا جائے اور ہمارے اپنی ہی فلاح و بہبود کے نام لیوا مذکوران کا کہنا ہے کہ نابینا کواپنی مرضی سے شادی کرنے یا کوئی رشتہ رد کرنے کے حق واختیار حاصل نہ ہے۔

اندریں حالات ایک مافیا نے سائل کے حالات کا ناجائز فائدہ اٹھایا جوشادیوں کے نام پرایسے مجبوراور سادہ

لورح لوگوں کا فائدہ اٹھا کر چند دنوں کے لیے پہلے سے طے شدہ منصوبہ کے تحت دھوکہ دہی سے نام نہاد شادیاں کرواتے اور بعد ازاں لڑکیوں کو بھگا کر لے جاتے۔ اس کاروباری گروہ نے مجھ معذور شخص کے احساسات اور جذبات کے ساتھ شادی کے نام پر کھلواڑ کرتے ہوئے شدید مذاق اڑایا اور مذکورہ نام نہاد بیوی کی شناخت و دیگر کوائف غلط بتا کر دھوکہ دہی سے مبینہ طور پر پہلے سے شادی شدہ عورت جو اس وقت کسی کی بیوی تھی اور زائد العمر بھی تھی کو کم عمر لڑکی اور بالکل کنواری ظاہر کر کے اس سے سائل کی شادی کر کے پانچ دن تک سائل کے گھر میں رکھا اور پہلے دن سے ہی شدید تنگ و پریشان کر کے سائل کو طلاق دینے پر مجبور کرنے لگے تاکہ نکاح اور حق مہر کی مد میں دی جانے والی رقم کو جائز تسلیم کر لیا جائے اور پہلے سے طے شدہ پروگرام اور منصوبہ کے تحت لڑکی کی بجائے ہمارے ہی گھر میں نکاح پڑھواتے ہوئے ہمیں لڑکی کے متعلق جانچ پرکھ کا موقع نہ دیا گیا اور اس کا پتہ و دیگر کوائف بھی اپنی طرح ملزمان نے غلط بتائے تاکہ بعد از وقوعہ ان کے بھاگ جانے کی صورت میں یہ پکڑے نہ جا سکیں۔ اس گروہ کا ایک فرد محمد یاسر ولد محمد داد جو کہ خود کو لڑکی کا رشتہ دار بتاتا تھا اب اس کے ساتھ کسی بھی رشتہ داری اور جان پہچان سے انکاری ہے۔ حالانکہ بوقت نکاح جب لڑکی کا شناختی کارڈ اور کوئی بھی دستاویز پیش نہ کی گئی تو وہ خود کو لڑکی کا محرم رشتہ دار ظاہر کر کے وکیل بنا اور اس نے اپنا شناختی کارڈ پیش کر دیا جبکہ مختلف حیلے بہانوں لڑکی کے کاغذات بعد ازاں فراہم کرنیکا وعدہ کیا جا کر بھی آج تک یہ وعدہ وفا نہ ہوا اور ہمارے اور نکاح خواں کے اصرار کے باوجود نہ ہمیں اور نہ ہی انہیں نیز نہ ہی متعلقہ یونین کونسل میں یہ ریکارڈ فراہم کیا گیا اور اب اسے حیلہ سازی اور بہانے بازی سے بھگا دینے کے بعد ملزمان کا یہ کہنا ہے کہ وہ اسے بالکل نہیں جانتے حالانکہ اتنی بڑی ذمہ داری کا کام بغیر جان پہچان کے نہیں کیا جاتا اور نہیں کیا جا سکتا۔ اگر ایسی شکایت سائل جیسے کسی نابینا کے خلاف ہو یا یہ شکایت ہو کہ رشتہ کروانے والوں نے ایک ایسے نابینا سے لڑکی کا رشتہ کروا دیا جو غصہ کا بہت تیز ہے تو بھی نابینا کے خلاف اور اس کے رشتہ کروانے والوں کے خلاف بھی بہت سخت کاروائی ہوتی ہے مگر اب سائل کی شکایات کو سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا جو کہ نہ صرف سائل کے خلاف بلکہ ہماری نابینا/معذور کمیونٹی کے خلاف امتیازی رویہ ہے جو آئین پاکستان کے خلاف ہے۔

6۔ یہ کہ شادی کے چھٹے روز مورخہ 21-10-2021 کو رشتہ کروانے والوں نے سائل کو ہمراہ زوجہ ام اس کی ماں کی بیماری کے بہانے بلوایا حالانکہ زوجہ ام کی ماں اور بہن بھی نقلی و فرضی تھیں اور سائل کو اس کے سسرال لے جانے کے بہانے بذریعہ زوجہ ام پہلے سے طے شدہ پروگرام و منصوبہ کے تحت ایک نامعلوم مقام پر دھوکے سے اغوا کر لیا گیا جسے رشتہ کروانے والی خاتون مسمیہ شاہین بی بی زوجہ محمد افضل کی رہائش گاہ تحصیل

غازی ضلع ہری پور بتائی گئی مگر چونکہ سائل نابینا ہے اور نہیں جانتا کہ زوجہ ام واقعتاً اسے غازی ہی لے گئی کہ کہیں اور؟ جبکہ سائل قبل ازیں کبھی غازی گیا بھی نہیں اور جسے مذکوریہ کا گھر بتایا گیا تھا پولیس کے بقول اس کا وہ گھر اور اس کی وہ فیملی بھی نقلی وجعلی تھی جہاں لے جا کر سائل کو محصور کر لیا گیا اور بذریعہ ٹیلی فون کالز سائل کے اہل خانہ کو بھی شدید پریشان کرتے ہوئے یہ شدید دباؤ ڈالا گیا کہ سائل زوجہ اُس کو طلاق دے دے اور نقدی وزیورات اور دیگر سامان جو وہ اپنے ہمراہ لائی تھی وہ بھی اس کے ہمراہ جانے دیے۔ یوں سائل کو اسے طلاق دینے وغیرہ پر مجبور کرتے ہوئے سائل سے زوجہ ام کو ہمراہ دیگر ساز وسامان کے چھین کر فرار کروادیا گیا اور سائل کو واپس بھیج دیا گیا۔

7- یہ کہ والدین ام اور سائل نے پہلے بات چیت کے ذریعہ اس مسئلہ کو حل کرنیکی کوشش کی اور مذکوریہ شاہین بی بی کے گھر جرگہ بھی منعقد ہوا جس میں سائل کو بلائے بغیر مذکوران نے سائل پر شدید الزام تراشی کی اور سائل کو صفائی کا موقع بھی نہ دیا گیا اور یہ مسئلہ بات چیت کے ذریعہ حل کرنے کی تمام کوششیں ناکام ثابت ہوئیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اس موقع پر بھی مذکوریہ کی ماں وغیرہ حاضر نہ ہوئیں اور دوبارہ اس موقع پر جب تھانہ غازی میں ہمیں بلوا کر مصالحت کے بہانے ذلیل ورسوا کیا گیا بلکہ مذکوران ہی زوجہ ام کے والی وارث اور بڑے بنے رہے اور SHO تھانہ غازی شفیق قریشی وغیرہ نے ملزمان کے ساتھ ملی بھگت کرتے ہوئے انہیں بھاگ جانے میں مدد کی اور ان کی بجائے سائل کو ہی پابند حوالات کیا گیا مگر اس وقت کے خدا ترس تفتیشی ASI قمر صاحب جن کی تفتیش میں بھی SHO مذکورہ نے مداخلت کی مگر انہوں نے اور والدہ ام وغیرہ نے بھی دباؤ ڈالا کہ ہم اعلیٰ فورمز سے رجوع کریں گے۔ ایک تو ہم مظلوم ہیں اور سزا بھی ملزمان کی بجائے ہمیں ہی دی جارہی ہے۔ چونانچہ مذکورہ یاسر کو غالباً 107/151 ض ف کی کاروائی کرتے ہوئے پابند ضمانت کیا گیا مگر دیگر ملزمان کو فرار کروادیا گیا لیکن مذکورہ ضمانت بھی جیسا کہ ملزمان دعویٰ کرتے ہیں ہمارے علم میں لائے بغیر ہوئی اور بعد از ضمانت بھی ملزمان شامل تفتیش نہ ہوئے اور مسئلہ کو بذریعہ گفت و شنید حل کرنے اور مصالحت میں ناکامی کے بعد ہم نومبر 2021 سے اندراج مقدمہ کی کوششیں کرتے اور تمام حالات و واقعات بشمول SHO مذکورہ کی لاقانونیت سمیت افسران بالا کے نوٹس میں لاتے رہے مگر بے حس لوگوں نے ہماری کوئی بات نہ سنی۔ جیسا کہ آپ بھی خیبر پختونخوا کی نام نہاد مثالی وانقلابی پولیس کی کام چوریوں وبدعنوانیوں کے خلاف بصد شکریہ نوٹس لیتے رہتے ہیں۔ نام نہاد پاکستان تحریک انصاف اور عمران خان کی حکومت نے بھی ہمیں انصاف نہ دیا۔

8- یہ کہ محکمہ مذکورہ جس میں سائل ملازم تھا کے لوگوں کیخلاف بھی سائل نے پاکستان سٹیزنز پورٹل سمیت

ہر فورم پر درخواستیں دیں اور وزیر اعظم آفس و مرکزی دفتر پاکستان تحریک انصاف کے علاوہ سائل نے عمران خان کے ذاتی ای میل اکاؤنٹ اور ان کے گھر کے پتہ خصوصاً سابقہ خاتون اول محترمہ بشریٰ بی بی کے نام پر بھی ارضی بھیجی مگر پی ٹی آئی حکومت نہ صرف یہ کہ ملزمان والزام علیہان کا ساتھ دیتی اور ان کی زبان بولتی رہی بلکہ یہ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے تحت سائل کی شکایات کو موصول ہوتے ہیں خارج کرتی رہی اور وعدہ خلافی کرتے ہوئے سائل کی خفیہ شناخت محکمہ والوں وغیرہ پر ظاہر کر کے سائل کی مشکلات میں مزید اضافہ کیا گیا۔ گزارش ہے کہ سائل کے قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر مندرجہ ذیل کی روشنی میں پاکستان سٹیزنز پورٹل وغیرہ پر سائل کی جملہ شکایات کا ریکارڈ طلب کی جائے جو کہ قابل ملاحظہ ہے اور عمران خان وغیرہ کے خلاف اس ضمن میں بھی آفیشل سکریٹ ایکٹ وغیرہ کے تحت کاروائی کی جائے۔ جناب والا! کون کہتا ہے کہ عمران خان ذاتی طور پر بہت اچھا اور ایماندار شخص ہے اور بدعنوان بالکل بھی نہیں؟ جبکہ اگر تھانہ کا محرر FIR درج نہ کرے تو SHO وغیرہ بدعنوان تصور ہوتے ہیں تو پھر جب عمران خان اپنے ماتحتوں کے خلاف شکایات پر ایکشن نہ لے تو وہ بدعنوان کیوں نہیں؟

9۔ یہ کہ سائل نے رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا، RTPS (رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن)، خیبر پختونخوا اور DRC (ڈسپیوٹیس ریزولیشن کونسل) ایبٹ آباد سے رابطہ کی اور پولیس پر شدید دباؤ بڑھا اور ہماری تنظیم نے بھی میرا ساتھ دیا تو بالآخر بہت تاخیر سے میری FIR مورخہ 15-04-2023 کو بمقام تھانہ میرپور ایبٹ آباد زیر علت نمبر 369 زیر دفعات 419/420/468/471/170/34 ت پ درج ہوگئی جو کہ ناکافی دفعات کے تحت تھی مگر بار بار درخواست دہی کے باوجود افسران بالا نے نوٹس نہ لیا اور مزید دفعات اور مزید ملزمان بھی شامل مقدمہ اور شامل تفتیش نہیں کیے جا رہے اور اعلیٰ عدالتی فیصلہ جات کے باوجود مجسٹریٹ نے سائل کے استغاثہ کا کیا حشر کیا؟ جو کہ لف درخواست ہذا ہے جو قابل ملاحظہ ہے۔ نیز مجسٹریٹ پہلے ہمارے معاملہ کو غیر سنجیدہ لیتے ہوئے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرتے ہوئے ہمارے ملزمان کو مقدمہ سے ڈسچارج کرتا رہا مگر وہ آرڈرز سیشن عدالت ایبٹ آباد نے ختم تو کر دیے لیکن مجسٹریٹ کے خلاف کوئی ایکشن نہ ہوا۔ حالانکہ سائل نے متعدد درخواستیں بذریع ای میل معزز پشاور ہائیکورٹ پشاور کو بھی دیں مگر ہمارا علاقہ مجسٹریٹ جو کہ جوڈیشل مجسٹریٹ تھرڈ ایبٹ آباد ہے اور اس کا ریڈر منظور ملزمان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں جو میری کسی بھی درخواست کو سیریس نہیں لیتے اور اگر میرے ملزمان گرفتار ہو جائیں تو انہیں چھوڑنے کی تو موصوفان کو بہت جلدی ہوتی ہے لیکن جب وہ چھوٹ جاتے ہیں تو ان کا ٹرائل بھی شروع نہیں ہوتا۔ حالانکہ قانون یہ کہتا کہ معذور شخص کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے

گا اوران کے ساتھ بالکل عدم برداشت کا رویہ اختیار کیا جائے گا جو کہ بصد شکر یہ نواز شریف حکومت 2015 میں ڈس ایبلڈ پرسنس آرڈیننس 1981 میں سائل کی درخواست پر یہ ترامیم کی تھیں جن پر عملدرآمد نہیں ہورہا۔ اگر آپ پارلیمان کی بالادستی پر یقین رکھتے اوراس کے بنائے ہوئے قوانین کا احترام کرتے ہیں تو اپنے ماتحتوں کے خلاف ایکشن لینا اور مجھ نابینا کی دعائیں لینا بھی آپ کا فرض اوراس کی سائل کو آپ سے توقع ہے۔

10۔ جناب والا! اگر آپ عمیر نیازی کی درخواست اوراس پر فیصلہ دینے والے لاہور ہائیکورٹ کے جج یا ججز کو توہین عدالت کا مرتکب دے سکتے ہیں کہ جنہوں نے آپ کے بروقت انتخابات کروانے کے حکم میں رکاوٹیں ڈالیں تو کیا سائل کے خلاف مذکورہ اقدامات اعلیٰ عدالی فیصلہ جات کونظرانداز کرتے ہوئے کیا یہ اقدامات توہین عدالت وتوہین پارلیمان وغیرہ کے زمرے میں نہیں آتے؟

جناب والا! کہنے کو تو ہم اسلامی جمہوریہ پاکستان ہیں مگر وطن عزیز میں آج تک انگیز کا بنایا ہوا نظام چل رہا ہے جس کے مطابق بغیر ولی کے گھر سے بھاگ جانے والی کنواری لڑکی کا نکاح قابل قبول ہے خواہ اس نے اپنے متعلقین کی عزت کو کس قدر ہی خاک میں کیوں نہ ملایا ہو مگر اب ہماری عدالتیں یہ قرار دے رہی ہیں کہ شادی کے بعد بھی اگر عورت اپنے شوہر ودیگر متعلقین کی عزت کا جنازہ نکال کر بھاگ جائے خواہ اس نے حق مہر کے عوض شوہر کو اپنی خدمات پیش کرنے کا تحریری معاہدہ بصورت نکاح نامہ ہیں کیوں نہ کر رکھا ہو اس سے کوئی مواخذہ نہیں کی جاسکتا جبکہ قرآن کے مطابق اگر شوہر نے بیوی کو ایک طلاق دے رکھی تو وہ دروان عدت بھی رجوع کرنے کا زیادہ حقدار اور بیوی اس کے ساتھ جانے کی پابند ہے اور اگر سائل یہ کہے کہ کم ازکم قانون کے مطابق اسے اس کے جرائم کی پاداش میں حراست میں لیا جائے تو بھی کہا جاتا ہے کہ ہم عورت پر کوئی زور زبردستی نہیں کرسکے نیز اسلامی تعلیمات کو چیلنج کرتے ہوئے مذکوران حق مہر وغیرہ کی واپسی سے بھی انکاری ہیں جبکہ ان کے خلاف توہین مذہب کے تحت بھی کوئی کاروائی نہیں کی جاتی اور اگر کوئی شہری ایسا کرے تو اس کی بھی مذمت کی جاتی ہے کہ اس نے قانون ہاتھ میں کیوں لیا؟ جبکہ ہمارا آئین قرآن وسنت کے منافی قانون سازی کی اجازت نہیں دیتا اور سب سے بڑی آئینی ضرورت ملک میں قرآن وسنت کا نفاذ ہے۔ جناب والا! بدقسمتی سے ہمارے ملک میں نظریہ پاکستان کے خلاف ایک مافیا پایا جاتا ہے جس کی سرپرستی بدقسمتی سے ہماری عدالتیں بھی کررہی ہیں جو پاکستان کو اسلامی، فلاحی اور جمہوری ریاست کے بجائے ایک سیکولر اور نام نہاد لبرا ملک بنانا چاہتا ہے مگر اس میں کوئی دو آرا نہیں ہوسکتیں کہ پاکستان ہمارے عقائد ونظریات، جان ومال اور عزت وآبرو کے تحفظ کے لیے قائم ہوا تھا جو اپنے مقاصد سے ہٹ کر اپنے

وجود کا جواز ہوتا جا رہا ہے۔

11۔ یہ کہ سائل نے اپنا نکتہ نظر بذریعہ میڈیا بھی آپ سمیت ہر خاص و عام تک پہنچانے کی کوشش کی اور اپنی درخواستیں وغیرہ ARY اور GEO کو بذریعہ ای میل ارسال کرنے کے علاوہ ARY News ایبٹ آباد کے نمائندہ جناب محمد اشفاق صاحب سے بھی ان کے ذاتی موبائل نمبر 0300-5402867 پر بھی بذریعہ فون کالز و میسیجز رابطہ کیا مگر بے سود۔ سائل کو اپنی آزادی اظہار رائے کا میڈیا پر بھی موقع نہیں دیا جا رہا۔

12۔ یہ کہ اپنے نابینا اور تنظیمات کے جو لوگ سائل کو عورت کے حقوق پر تو بہت لیکچرز دیتے آئے ہیں مگر اب سائل کے حقوق کے سلسلہ میں ایبٹ آباد کی نابینا کمیونٹی میں سے صرف ایک شخصیت صدر پاکستان انجمن برائے نابینا ضلعی شاخ ایبٹ آباد کے صدر سردار قاری خورشید صاحب اور کچھ شرم محسوس کرتے ہوئے پروفیسر شمس الرحمٰن صاحب کے علاوہ کسی نابینا نے بھی سائل کا قابل ذکر ساتھ نہیں دیا بلکہ تنظیم کے عہدیدار پروفیسر ثاقب محمود حنوط ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سائل کو حقوق نسواں پر لیکچر دیتے ہوئے سائل کے حقوق کو لایانی قرار دیتے ہیں اور سائل کو ریاست کے خلاف بغاوت پر مجبور کرتے ہیں۔

13۔ یہ کہ جیسا کہ ہمارے ذرائع ابلاغ اور معزز عدالت عظمہ قرار دے چکے ہیں کہ جو شخص پہلے ہی سے متاثرہ اور مظلوم ہو اس کو غلط کہنے کی بجائے ملزمان و مجرمان کو ہی غلط قرار دیا جانا چاہیے لیکن یہاں تو سائل ہی کو غلط کہا جاتا ہے کہ جنکی تفصیلات میں اس وقت جانا درخواست کی طوالت کا باعث ہوگا۔ چنانچہ مذکورہ ریکارڈ متعلقہ اداروں سے طلب فرمایا جا کر اور ان سے رپورٹ طلب فرماتے ہوئے کاروائی کی جاوے۔

14۔ یہ کہ سرور ٹربیونل خیبر پختونخوا نے سائل کی درخواست منظور کرتے ہوئے محکمہ کے جواب کو مسترد کرتے ہوئے مزید ریکارڈ طلب کیا تھا مگر نہ تو وہ ریکارڈ پیش عدالت کیا جاتا ہے اور نہ ہی محکمہ کی جانب سے کوئی پیش عدالت ہوتا ہے اور سروس ٹربیونل نے اس ضمن میں محکمہ کو آخری موقع دیا تھا جس کی بھی خلاف ورزی ہوئی اور سائل جو طویل بے روزگاری سے تنگ آ کر ان دنوں ضلع جھنگ صوبہ پنجاب میں معمولی تنخواہ پر ایک نجی ملازمت سرانجام دے رہا ہے نے ٹربیونل ہذا میں اپنی گزشتہ تاریخ پیشی پر اپنے چھوٹے نابینا بھائی محمد کبیر ولد محمد ریاض کو اپنی جگہ پر بھیجا تھا اور ہدایت کی تھی کہ اگر محکمہ نے کوئی مزید جواب دیا ہو تو حاضری کر کے وہ جواب وصول کر لینا ورنہ مزید کاروائی کے لیے عدالت سے درخواست کرنا مگر عدالت نے مزید کاروائی کی بجائے اگلی تاریخ پیشی 27-03-2024 مقرر کر دی جو کہ اگر مذکوران کے خلاف بروقت کاروائی ہوتی تو انہیں باعزت ریٹائر ہو کر سرکاری خزانہ پر بوجھ بننے کا موقع نہ ملتا جس کا ذمہ دار سروس ٹربیونل

بھی ہے۔

نوٹ: ملزم شکیل جو کہ بے حس مجسٹریٹ کی جانب سے ضمانت پر رہا ہوا تھا جس کے خلاف ایک اور متاثرہ فرد نے بھی درخواست دی جو مذکورہ مجسٹریٹ کو بھی پیش کی گئی جس کے ساتھ بھی دھوکہ ہوا تھا جو کہ لف درخواست ہذا ہے مگر ملزم کی ضمانت منسوخ نہیں ہو رہی اور ایک وکیل ملک تیمور سائل سے ملزم کی ضمانت منسوخ کروانے کے عوض پیسے لیکر اب اس کی کسی بات کا بھی کوئی جواب نہیں دے رہا اور نہ ہی فون اٹھا رہا ہے جبکہ پشاور ہائیکورٹ پشاور کو بھی آخری بار مورخہ 21-12-2023 اور 23-1-2024 کو بھی بذریعہ ای میل رابطہ کیا گیا مگر بے سود۔

لہذا استدعا ہے کہ سائل کی درخواست کا نوٹس لیتے ہوئے اور اسے منظور و مقبول فرماتے ہوئے سائل کو شاکر و ممنون اور دعا گو ہونے کا موقع عنایت فرمایا جاوے۔

04-02-2024

جناب کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

محمد سجاد ولد محمد ریاض

سکنہ محلہ اعوان آباد، جھنگی سیداں، تحصیل و ضلع ایبٹ آباد

قوم: اعوان

13101-2598133-9

0313-5925351,0317-8962151

تاریخ: 02-02-2024

بخدمت جناب وزیر برائے ترقی خواتین / خصوصی تعلیم / سماجی بہبود / زکوۃ عشر وغیرہ خیبر پختونخواہ پشاور

عنوان درخواست: درخواست برائے ازالہ شکایات

جناب عالی۔

انتہائی مودبانہ گزارش ہے کہ سائل مسمی محمد سجاد ولد محمد ریاض سکنہ محلہ اعوان آباد جھنگی سیداں ایبٹ آباد جو کہ نہ صرف خود نابینہ ہے بلکہ علاوہ ازیں بھی اسکے تین بہن بھائی وہ بھی نابینہ ہیں۔ جن میں سے ایک ہمشیرہ ام جو کہ جواں سال اور نابینہ ہونے کے علاوہ ذہنی معزوری کا بھی شکار ہے۔

ا۔ یہ کہ سائل ایک انتہائی پڑھا لکھا اور ادارہ گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ برائے نابینہ ایبٹ آباد سے ابتدائی تعلیم یافتہ اور یہاں کا سابق ملازم ہے۔

۲۔ یہ کہ سائل کے ساتھ معاشرہ وغیرہ کا رویہ تو ظالمانہ تھا ہی لیکن بدقسمتی سے اپنے ہی فلاحی ادارہ جات اور تنظیمات کا رویہ افسوسناک طور پر اس سے کہیں بڑھ کر ظالمانہ اور غیر منصفانہ تھا مگر اب ان کے رویے میں کچھ بہتری تو ضرور آئی ہے مگر بحیثیت مجموعی حالات بہت دگر گوں ہیں۔

۳۔ یہ کہ سائل انتہائی تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود ادارہ مذکورہ بالا میں میٹرک بیس چھٹے سکیل کی آسامی پر 2008 میں بطور کین ورکر تعینات ہوا مگر اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کی بناء پر بوقت ضرورت اور بحکم انتظامیہ تدریسی خدمات بھی انجام دیتا رہا مگر بدقسمتی سے سائل کی اچھی باتوں کو ریکارڈ پر لانے کی بجائے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت سائل کو انتہائی بدنام کیا جا رہا ہے، جس میں بدقسمتی سے اپنی کمیونٹی کے ان لوگوں کا ہاتھ ہے جو سائل سے حسد کرتے ہیں اور اسے ایک معزز، آگے بڑھتا ہوا، ترقی کرتا ہوا، اپنی کمیونٹی کی خدمت کرتا ہوا نہیں دیکھنا چاہتے بدیں وجہ انہیں خود اعتراف ہے کہ انہوں نے سائل کی بھرتی کی بھی روز اول سے ہی مخالفت کی۔

۴۔ یہ کہ سپرنٹنڈنٹ ادارہ مذکورہ محترمہ شمشاد بیگم صاحبہ جو کہ اس مافیہ کی ایک سرکردہ رکن ہیں سائل کے والدین کے ساتھ ملی بھگت کرتے ہوئے۔ اس وقت سائل کی مرضی کیخلاف بھرتی کروانے میں اپنا کردار ادا کیا تھا بعد ازاں انہوں نے سائل کو اپنے مخصوص و مذموم مقاصد کے لئے استعمال کرنا اور خود کو سائل کی محسنہ قرار دے کر ناجائز بلیک میل کرنا شروع کر دیا اور اپنے ناجائز مطالبات منوانے کے لئے سائل کو مجبور کرتے ہوئے مختلف حربے استعمال کئے جو کہ سٹاف کے ساتھ ناجائز رعایتیں بھی برتتی رہیں جس بناء پر سٹاف بھی ان کا ہمنوا بن گیا اور اب حالت یہ ہے کہ کسی انتظامی حکم کے ذریعے اگر انہیں ٹرانسفر بھی کیا جائے تو سٹاف کار سرکار میں مداخلت کرتے ہوئے شدید ہنگامہ آرائی اور طوفان بدتمیزی کھڑا کر کے مسائل پیدا کرتا ہے جو کہ بمطابق قانون دہشت گردی کے زمرے میں بھی آتا ہے مگر افسوسناک طور پر نہ تو انتظامیہ اور نہ ہی یہ ہماری

عدلیہ اس مافیہ کیخلاف کوئی کاروائی کرنے کو تیار ہے بلکہ اس مافیہ کیخلاف آواز اٹھانے والا ہی الٹا مصائب و آلام کا شکار ہو کر سائل کی طرح عذاب جھیلتا رہتا ہے۔

۵۔ یہ کہ سائل نے مذکوران کے ظلم واستبداد، جبر واستحصال اور جملہ بدعنوانیوں سے تنگ آ کران کیخلاف قانونی چارہ جوئی کرتے ہوئے مختلف فورمز پر درخواستیں گزاریں مگر دادرسی کی بجائے الٹا سائل کا ہی ریکارڈ خراب کیا گیا جو کہ ان باتوں سے قبل بہت اچھا تھا اور سائل کی تعلیمی اسناد بھی اس کے سروس ریکارڈ کا حصہ ہیں۔

٦۔ یہ کہ سائل کیخلاف ایک بے بنیاد اور مبنی پر بدنیتی فوجداری مقدمہ ایک نام نہاد ایف آئی آر زیر علت نمبر 1044 مورخہ 26-11-2014 بمقام تھانہ کینٹ ایبٹ آباد زیر دفعات 337-J/511-PPC کے ذریعے سائل کی کردار کشی کی گئی اور نی بی اے کا موقع دیئے بغیر فورم ہی سائل کو تاریخ مذکورہ پر پولیس تھانہ مذکورہ نے حراست میں لے لیا حالانکہ قبل ازیں جب سائل مذکوران کیخلاف درخواست دہی کرتا رہا نہ ہی پولیس اور نہ ہی محکمہ سمیت کسی جانب سے بھی ان کیخلاف ایکشن لیا گیا بلکہ انہیں مزید شے دے کر سائل کے نجی / گھریلو معاملات میں بھی مداخلت کا موقع فراہم کیا گیا جس بناء پر سائل کی گھریلو زندگی بھی شدید متاثر ہوئی۔

۷۔ یہ کہ سائل کیخلاف بچوں کے واٹر کولر میں زہر ملا کر انہیں ہلاک کرنے کی کوشش کا الزام لگاتے ہوئے ایک درخواست سپر نٹنڈنٹ کے نام لکھی گئی جس پر نہ تو بچوں اور نہ ہی سٹاف کی طرف سے دستخط تھے، نہ ہی سپر نٹنڈنٹ کی جانب سے درخواست تھانہ کو مارک کی گئی اور نہ ہی درخواست کے ساتھ کوئی کورنگ لیٹر محکمہ کی جانب سے لف کیا گیا مگر اس کے باوجود اسے ایف آئی آر کا نام دے کر آج تک غیر قانونی پروسیڈنگ کی جارہی ہے اور مقدمہ سے بریع ہونے کے باوجود بھی آج تک سائل کی جان نہیں چھوٹ رہی جناب والا Disabled Persons Ordinance1981 ترمیم شدہ 2015 کے مطابق معزور سے زیادتی کرنے والے افراد واشخاص اور تنظیمات کے ساتھ بلکل عدم برداشت آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے بجائے ان کے ساتھ انتہائی نرمی اور سائل کے ساتھ غیر قانونی طور پر انتہائی سختی سے کام لیا جارہا ہے۔

